ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (13)

06-01-2023

**بہاول پور(      )بہاولپور پولیس کی سالانہ پراگریس رپورٹ سال 2022ء جاری۔گذشتہ سال میں 14065 مقدمات درج رجسٹر ہوئے۔28 گینگز ٹریس،جن سے 02 کروڑ 26 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد۔گینگز کے علاوہ جرائم پیشہ عناصر سے 23 کروڑ 93 ہزار روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد۔ 4839 مجرمان اشتہاریوں سمیت 19851 ملزمان گرفتار۔بہاولپور پولیس دستیاب وسائل کو بروئے کارلاتے ہوئے پرامن معاشرے کا قیام یقینی بنانے کے لیے دن رات کوشاں ہے۔بہاولپور کو جرائم سے پاک کرنا اور عوام الناس کو پرامن فضا مہیا کرنا ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق ضلع بہاول پور میں گذشتہ سال 2022ء میں 14065 مقدمات درج رجسٹر ہوئے جن میں سے 920 مقدمات جھوٹے ہونے کی بناء پر خارج ہو چکے ہیں۔اسی طرح ان میں ملوث 27544 ملزمان میں سے 19851 ملزمان گرفتار کر کے چالان عدالت کئے جا چکے ہیں۔عدالتی مفروران و مجرم اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ضلع بھر کی پولیس نے مجرمان اشتہاری "A" کیٹیگری کے 273 اور "B" کیٹیگری کے 4566 سمیت کل 4839 گرفتار کیے۔اسی طرح عدالتی مفروران "A" کیٹیگری کے 33 اور "B" کیٹیگری کے 757 سمیت کل 790 کو گرفتار کر کے چالان عدالت کیا۔جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون کرتے ہوئے ڈکیتی، راہزنی وغیرہ کی مختلف وارداتوں میں ملوث 28 گینگ کو ختم کر کے اُن کے 102 ملزمان کو گرفتار کیا۔جن سے 102 پرانے اور 197 نئے مقدمات ٹریس ہوئے۔ان گینگ سے 22602235-روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد کرنے کے علاوہ دیگر ملزمان سے -/207491212 روپے کا مال مسروقہ،نقدی،طلائی زیورات،وئیکلز اور مال مویشی وغیرہ برآمد کی ہے۔ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 1792 مقدمات درج رجسٹر کئے اور 1803 ملزمان کو گرفتار کر کے اُن کے قبضہ سے 03 کلو 713 گرام آئس، 610 کلو 304 گرام چرس، 21 کلو 740 گرام افیون، 06 کلو 185 گرام ہیروئن، 7 کلو 800 گرام بھنگ، 72003 لیٹر شراب، 22981 لیٹر لہن اور 239 چالو بھٹیاں قبضہ پولیس میں لی گئیں۔ناجائز اسلحہ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے بہاول پور پولیس نے 970 مقدمات درج رجسٹر کر کے ان میں ملوث 970 ملزمان کو گرفتار کر کے اُن کے قبضہ سے 18 کلاشنکوف، 38 رائفل، 82 گن / ریپٹر، 49 ریوالور، 825 پسٹل اور 21 کاربین سمیت 20020 گولیاں اسلحہ ناجائز برآمد کیں۔قتل کے 88 مقدمات میں 271 ملزمان گرفتار جبکہ 06 مقدمات جھوٹے ہونے کی بناء پر خارج ہو چکے ہیں۔اقدام قتل کے 120 مقدمات میں 265 ملزمان گرفتار جبکہ 02 مقدمات جھوٹے ہونے کی بناء پر خارج ہو چکے ہیں۔اسی طرح ضرر کے 380 مقدمات میں سے 16 مقدمات جھوٹے ہونے کی بناء پر خارج جبکہ ان مقدمات میں 1433 ملزمان گرفتار کئے جا چکے ہیں۔اغواء/ زناء کے 589 مقدمات درج رجسٹر ہوئے۔جن میں سے 373 مقدمات خارج ہوئے اور 1539 ملزمان گرفتار کئے جا چکے ہیں۔ریپ کے 133 مقدمات درج رجسٹر کئے گئے جن میں سے 20 مقدمات جھوٹے ہونے کی بناء پر خارج اور 197 ملزمان گرفتار کر کے چالان عدالت کئے جا چکے ہیں۔قمار بازوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 144 مقدمات درج کر کے ان میں ملوث 787 ملزمان کو گرفتار کیا جا چکا ہے۔نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کرتے ہوئے لاؤڈ اسپیکر کی خلاف ورزی پر 155 مقدمات میں 217 ملزمان ہی کو گرفتار جبکہ عارضی رہائش کے کوائف نہ جمع کرانے پر 80 مقدمات میں 112 ملزمان کو گرفتار کر کے پیش عدالت کیا جا چکا ہے۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور نے اپنے پیغام میں کہا کہ بہاولپور پولیس دستیاب وسائل کو بروئے کارلاتے ہوئے پرامن معاشرے کا قیام یقینی بنانے کے لیے دن رات کوشاں ہے۔بہاولپور کو جرائم سے پاک کرنا اور عوام الناس کو پرامن فضا مہیا کرنا ہماری اولین ذمہ داری ہے

**ترجمان بہاول پور پولیس**



بہاولپور پولیس کی سال 2022 کی پراگریس رپورٹ جاری ضلع بہاول پور میں گذشتہ سال 2022ء میں 14065 مقدمات درج رجسٹر ہوئے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(14)

06-01-2023

**بہاول پور() جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ،سیکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا،ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی،ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاران کو چیک کیا۔سیکیورٹی اہلکاروں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او عبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صوتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکے گے،انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں مؤثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور جمعتہ المبارک کے روز پولیس اہلکار سیکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات